RSPN | PDBP Pakistan Domestic Biogas Programme | Embassy of the Kingdom of the Netherlands | SNV Connecting People's Capacities | WINROCK INTERNATIONAL Putting Ideas to Work

# پاکستان گھریلو بائیوگیس پروگرام


پلاٹ نمبر 15، روز ویلی، امین ٹاؤن، فیصل آباد

ٹیلیفون نمبرز: 2-0371 885(41-92+)    فیکس نمبر: 0373 885 (41-92+)


## نیوز لیٹر


شمارہ: جنوری تا مارچ 2012ء

تحریر و ترتیب: نعیم احمد (کمیونکیشن اینڈ میڈیا آفیسر)


### اھم موضوعات

- ایشین ڈویلپمنٹ بنک کے وفد کی PDBP آمد
- 1700 بائیوگیس پلانٹس کی تکمیل اور نئے اضلاع میں کام کا آغاز
- سماجی ترقی میں PDBP کا کردار نمایاں ہو رہا ہے، CSR کانفرنس کا احوال

## چیف ایگزیکٹو آفیسر رورل سپورٹ پروگرامز نیٹ ورک شندانہ خان کی ایریا آفس میں سٹاف میٹنگ اور فیلڈ وزٹ کی مختصر رپورٹ



دیہی علاقوں کے رہائشی افراد کا معیار زندگی بہتر بنانے کیلئے پاکستان گھریلو بائیوگیس پروگرام کے تحت وسطی پنجاب کے 6 اضلاع فیصل آباد، سرگودھا، جھنگ، ٹوبہ ٹیک سنگھ، چنیوٹ اور خوشاب میں ابتک 80 ملین روپے سے زائد کی سرمایہ کاری سے 1700 سے زائد بائیوگیس پلانٹ لگائے جا چکے ہیں۔ پاکستان گھریلو بائیوگیس پروگرام کی انفرادیت یہ ہے کہ اس پروگرام کے تحت لگنے والے بائیوگیس پلانٹس میں 80 فیصد سرمایہ بائیوگیس پلانٹ لگوانے والے گھرانوں کی جانب سے فراہم کیا گیا ہے جس سے ان میں احساس ملکیت اور ذمہ داری بڑھی ہے۔ ان خیالات کا اظہار رورل سپورٹ پروگرامز نیٹ ورک کی چیف ایگزیکٹو آفیسر شندانہ خان نے ایریا آفس فیصل آباد میں ایک میٹنگ اور فیلڈ وزٹ کے دوران بائیوگیس پلانٹ لگوانے والے گھرانوں کے اہلخانہ سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ دیہی علاقوں میں زیادہ سے زیادہ بائیوگیس پلانٹ لگا کر لوگوں کی زندگی میں بہتری لائی جاسکتی ہے۔ جس کیلئے عوامی آگاہی اور شعور کو فروغ دینا ضروری ہے تاکہ لوگوں کو فکس ڈوم ڈیزائن کے بائیوگیس پلانٹس کی افادیت اور خصوصیات سے آگاہ کیا جا سکے۔ انہوں نے بائیوگیس پلانٹ میں گیس بننے کے بعد خارج ہونیوالے استعمال شدہ گوبر "بائیوسلری" کی بطور نامیاتی کھاد افادیت کو جانچنے کے حوالے سے ایوب ایگریکلچر ریسرچ انسٹیٹیوٹ اور زرعی یونیورسٹی فیصل آباد میں جاری ریسرچ پراجیکٹ کا بھی جائزہ لیا۔ انہوں نے کہا کہ دونوں اداروں میں جاری تحقیق نے "بائیوسلری" کے اضافی فوائد کی تصدیق کی ہے کہ اس کے استعمال سے فصلوں کی پیداوار میں اضافہ اور کیمیائی کھاد کے اخراجات میں کمی ممکن ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ وقت موزوں ترین ہے کہ بائیوگیس کے فوائد کو زیادہ سے زیادہ دیہی علاقوں تک پہنچانے کیلئے اس پروگرام کو حکومت اور عالمی فلاحی اداروں کے تعاون سے دیگر علاقوں میں بھی شروع کیا جائے۔ شندانہ خان نے بتایا کہ رورل سپورٹ پروگرامز نیٹ ورک کی جانب سے 2009ء میں پاکستان گھریلو بائیوگیس پروگرام کا فیصل آباد سے آغاز کیا گیا۔

جس کے بعد اس پروگرام کو جھنگ، سرگودھا، ٹوبہ ٹیک سنگھ، خوشاب اور چنیوٹ کے اضلاع تک توسیع دی گئی جبکہ جنوری 2012ء سے ساہیوال، ننکانہ، شیخوپورہ، اوکاڑہ، ننکانہ صاحب اور پاکپتن میں بھی بائیوگیس پلانٹ کی تعمیر شروع کر دی گئی ہے۔ جس کیلئے گھریلو بائیوگیس پروگرام کو ہالینڈ کے سفارتخانے "EKN" اور نیدرلینڈ ڈویلپمنٹ آرگنائزیشن "SNV" کی مالی و تکنیکی معاونت حاصل ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان گھریلو بائیوگیس پروگرام کے قیام کا مقصد 8 سے 10 سالوں میں بائیوگیس ٹیکنالوجی کے زیادہ سے زیادہ فروغ کے ذریعے دیہی آبادی کی گیس کی ضرورت پورا کر کے ان کے معیار زندگی کو بہتر بنانا اور خود انحصاری پر مشتمل بائیوگیس سیکٹر تشکیل دینا ہے۔ تاکہ مقامی سطح پر صحت اور صفائی کے مسائل کم ہو سکیں اور لوگوں کے روزگار میں اضافہ ہو سکے۔ انہوں نے کہا کہ اگر دیہات میں بائیوگیس ٹیکنالوجی کو فروغ دیا جائے تو اس سے جنگلات کی کٹائی میں کمی لائی جاسکتی ہے جس سے ماحولیاتی آلودگی کو کم کرنے میں مدد ملے گی۔ قبل ازیں سٹاف میٹنگ کے دوران پروگرام منیجر سجاد حیدر، سینئر ایڈوائزر راجیش بی شرستا اور ایریا منیجر رانا عامر شفیق نے انہیں پروگرام کے حوالے سے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ پاکستان گھریلو بائیوگیس پروگرام کے تحت ابتک 10 اضلاع میں 250 سے زائد مستریوں کو عالمی معیار کے مطابق بائیوگیس پلانٹس تعمیر کرنے کی تربیت دی جا چکی ہے۔ جبکہ انہی تربیت یافتہ افراد پر مشتمل 25 بائیوگیس تعمیراتی کمپنیاں بھی تشکیل دی گئی ہیں جو اپنے متعلقہ اضلاع میں بائیوگیس پلانٹس کی تعمیر اور بائیوگیس ٹیکنالوجی کے حوالے سے عوامی شعور میں اضافے کیلئے کام کر رہی ہیں۔ سٹاف میٹنگ میں مستقبل کے اہداف کے حصول کیلئے مختلف تجاویز کا جائزہ اور درپیش مشکلات کے حل کیلئے تبادلہ خیال بھی کیا گیا۔



# بائیوگیس تعمیراتی کمپنیوں (BCCs) کی کارکردگی کا سہ ماہی جائزہ

بائیوگیس تعمیراتی کمپنیوں کی کارکردگی کا جائزہ لینے اوران کے درمیان رابطہ کاری کوفروغ دینے کیلئے پاکستان گھریلو بائیوگیس پروگرام کی جانب سے سہ ماہی میٹنگ مقامی ہوٹل میں منعقد کی گئی۔ جس میں 11 تعمیراتی کمپنیوں کے مالکان جبکہ پاکستان گھریلو بائیوگیس پروگرام کی جانب سے پروگرام منیجر، ایریا منیجر، سینئر ایڈوائزر، ٹریننگ اینڈ ایکسٹینشن آفیسر اور تمام اضلاع کے بائیوگیس ٹیکنیشن شریک ہوئے۔ میٹنگ میں بائیوگیس پلانٹ کی قیمت اور معیار، پاکستان بائیوگیس ایسوسی ایشن کی کارکردگی، معیار کے کنٹرول اور متعلقہ کاغذات کی تیاری







میں سپروائزر کے کردار ودیگر امور زیر بحث لائے گئے۔ اس کے علاوہ BCCs کے گزشتہ سہ ماہی کے بزنس پلان کا جائزہ اور آئندہ کی حکمت عملی واحداف کا تعین بھی کیا گیا۔ تعمیراتی سامان کی قیمتوں میں گزشتہ چند ماہ کے دوران ہونیوالے اضافے اور BCCs کی جانب سے کئے جانیوالے مطالبات کے پیش نظر تمام اضلاع کے BCCs اور ٹیکنیشنوں سے تعمیراتی سامان کی قیمتوں کو مدنظر رکھتے ہوئے میٹریل کی اوسط نکال کر نئی قیمتوں کا تعین کیا گیا۔ تاہم نئی قیمت کا تعین کرتے ہوئے BCCs کے منافع، معمار کے خرچ، مزدور کی مزدوری، اوور ہیڈ رسک کوریج اور سالانہ معائنہ فیس میں کسی قسم کا اضافہ نہیں کیا گیا ہے۔ اس سہ ماہی جائزہ میٹنگ میں سپروائزر کے کردار پر تفصیل سے بحث کی گئی اور شرکاء کو بتایا گیا کہ سپروائزر دوران ڈیوٹی جن باتوں کا خیال رکھے گا۔ ان میں گوبر کی دستیابی کی بنیاد پر پلانٹ کے سائز کا انتخاب، منظور شدہ تعمیراتی میٹریل، آلات اور اوزاروں کے استعمال کو یقینی بنانا، دی گئی ڈرائینگ اور ڈیزائن کے مطابق پلانٹ کی تعمیر اور استعمال کنندہ کو پلانٹ کے استعمال کی ضروری تربیت کی فراہمی اور اپنے متعلقہ علاقہ میں بائیوگیس ٹیکنالوجی کے فروغ اور آگاہی کیلئے کام کرنا شامل ہے۔ اس موقع پر تمام BCCs نے اپنے بزنس پلان کے حوالے سے کئے جانیوالے اقدامات اور سرگرمیوں کے بارے میں آگاہ کیا۔ علاوہ ازیں تمام BCCs کو آگاہ کیا گیا کہ آئندہ کوئی بی سی سی منیجر خود معمار کا کام نہیں کرے گا۔ پلانٹ اس وقت زیر تعمیر تصور ہوگا جب وہ سروے فارم اور فروخت کا معاہدہ اور بائیوگیس پلانٹ لگوانے شخص کے شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی ٹیکنیشن کو جمع کروائیں گے۔ اس کے علاوہ اچھی کارکردگی دکھانے والے BCCs کیلئے خصوصی انعامات کا بھی اعلان کیا گیا۔

## بائیوگیس ٹیکنالوجی کا فروغ

سوہنی دھرتی

پاکستان گھریلو بائیوگیس پروگرام کی جانب سے پاکستان میں عام لوگوں خصوصاً دیہی آبادی کو بائیوگیس ٹیکنالوجی کے فوائد اور فکس ڈوم ڈیزائن کے بائیوگیس پلانٹس کی افادیت سے آگاہ کرنے کیلئے پاکستان کے واحد زرعی ٹی وی چینل "سوہنی دھرتی" کے اشتراک سے 25 منٹ دورانئے کی ڈاکیومنٹری تیار کی گئی جوکہ "سوہنی دھرتی" ٹی وی پر نشر ہوئی۔


ماہنامہ ندائے کسان لاہور

جبکہ بائیوگیس ٹیکنالوجی کے فروغ اور بائیوگیس سیکٹر ڈویلپمنٹ کے حوالے سے پاکستان گھریلو بائیوگیس پروگرام کے کام کو ترقی پسند کسانوں اور تنظیموں تک پہنچانے کیلئے ماہنامہ "ندائے کسان" لاہور کیساتھ 6 ماہ کا تشہیری معاہدہ کیا گیا۔


## TOP 3 BCCs
**Jan-Mar 2012**



1 ST
منور علی شاہ۔ جھنگ
35 بائیوگیس پلانٹ



2 ND
بشیر احمد۔ فیصل آباد
31 بائیوگیس پلانٹ



3 RD
محمد امین۔ ٹوبہ ٹیک سنگھ
30۔ بائیوگیس پلانٹ

## پاکستان بائیوگیس ایسوسی ایشن

پاکستان بائیوگیس ایسوسی ایشن کے صدر رحمت تارڑ نے بائیوگیس تعمیراتی کمپنیوں کے سہ ماہی جائزہ اجلاس میں بتایا کہ پی بی اے کی گزشتہ میٹنگ میں ہونیوالی مشاورت اور اراکین کی مشترکہ کوششوں سے مرحوم بی سی سی حاکم علی کے اہلخانہ کو 32000 روپے تک کی امداد پہنچائی جا چکی ہے۔ پاکستان بائیوگیس ایسوسی ایشن کے آئین کی تشکیل کا کام مکمل کرکے قانون سازی کرلی گئی ہے اور اس پر عمل درآمد کا کام جاری ہے۔ تمام ممبران کی گروپ انشورنس پر کام جاری ہے۔ تمام ممبران کے ممبر شپ فارم پر کر لئے گئے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ پی بی اے کی باقائدہ میٹنگز کا آغاز ہو چکا ہے اور یہ میٹنگ ہر دو ماہ بعد ہوگی۔




# مقامی معماروں کی عالمی معیار کے مطابق بائیوگیس پلانٹس کی تعمیر کے حوالے سے منعقدہ تربیتی ورکشاپ کا احوال

## تربیت میں WWF اور "بنیاد فاؤنڈیشن" کی جانب سے بھیجے گئے معمار بھی شریک ہوئے

پاکستان گھریلو بائیوگیس پروگرام کی جانب سے پروگرام ایریا میں شامل اضلاع سے منتخب کئے گئے مستریوں (معماروں) کو عالمی معیار کے مطابق بائیوگیس پلانٹس تعمیر کرنے کی خصوصی تربیت کا اہتمام تسلسل سے کیا جاتا ہے۔ تاکہ سیکٹر ڈویلپمنٹ کے حوالے سے اہداف کو حاصل کیا جاسکے اور مقامی سطح پر ایسے تربیت یافتہ افراد کی دستیابی کو یقینی بنایا جاسکے۔ جن کے ذریعے دیہی آبادی کے رہائشی افراد مقامی سطح پر ہی ان کی خدمات حاصل کر کے نہ صرف بائیوگیس پلانٹ تعمیر کرواسکیں بلکہ بائیوگیس پلانٹ کی تعمیر کے بعد ممکنہ طور پر درپیش آنیوالے مسائل کے حل کو بھی یقینی بنایا جاسکے۔

جنوری 2012ء سے نئے اضلاع میں کام شروع کرنے کے حوالے سے گزشتہ سہ ماہی میں پاکستان گھریلو بائیوگیس پروگرام کی جانب سے جنوری اور مارچ کے مہینے میں مستریوں کی تربیت کیلئے دومرتبہ تربیتی پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں شیخوپورہ، ساہیوال، گوجرانوالہ اور اوکاڑہ سے منتخب کئے گئے بائیوگیس تعمیراتی کمپنیوں کے سربراہان اور معماروں نے حصہ لیا۔ علاوہ ازیں پاکستان گھریلو بائیوگیس پروگرام کی جانب سے منعقدہ ان تربیتی پروگرامز میں WWF اور "بنیاد فاؤنڈیشن" کے معمار بھی شریک ہوئے۔ جوکہ پاکستان گھریلو بائیوگیس پروگرام کی جانب سے بائیوگیس سیکٹر



ڈویلپمنٹ کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ اس اقدام کے ذریعے پروگرام ایریا کے علاوہ دیگر اضلاع یا علاقوں اور صوبوں میں کام کرنیوالی NGOs کی بائیوگیس پلانٹس کی تعمیر سے متعلق تربیت کے انعقاد سے ان علاقوں میں بھی کوالٹی بائیوگیس پلانٹس کی تعمیر کو یقینی بنایا جاسکے گا۔

پاکستان گھریلو بائیوگیس پروگرام کے تحت مقامی مستریوں کی تربیت کا بنیادی مقصد ان کی اہلیت اور استعداد کار کو بہتر بنا کر عالمی معیار کے بائیو گیس پلانٹس کی تعمیر کو ممکن بنانا ہے۔ جس کیلئے ان معماروں کو کوالٹی کنٹرول اور طے شدہ اصولوں کے مطابق بائیوگیس پلانٹس کی تعمیر کی اہمیت سے آگاہ



کیا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ انہیں تربیتی عملہ کی نگرانی میں خود اپنے ہاتھ سے بائیوگیس پلانٹ تعمیر کرنے کا موقع فراہم کیا جاتا ہے۔ تاکہ وہ اس دوران پیش آنیوالے مراحل کو اچھی طرح سے سمجھ کر آئندہ اسی طریقہ کار کے مطابق بائیوگیس پلانٹ تعمیر کریں۔ تربیت کے اس نظام کو مستقل بنیادوں پر چلانے کا ایک مقصد مختلف اضلاع میں پاکستان بائیوگیس پروگرام کے تحت پہلے سے کام کرنیوالی بائیوگیس تعمیراتی کمپنیوں کی عملے کی طلب کو پورا کرنا بھی ہے۔ ان تربیتی پروگرامز کا مستقل انعقاد گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی فیصل آباد میں کیا جاتا ہے۔ جس کیلئے دونوں اداروں کے درمیان مفاہمتی



یادداشت کے ذریعہ ضابطہ طے کیا گیا ہے۔ معماروں کی تربیت کیلئے پاکستان گھریلو بائیوگیس پروگرام کی جانب سے ٹریننگ اینڈ ایکسٹینشن آفیسر سید بلال مرتضٰی، سینئر بائیوگیس ٹیکنیشن گلریز سعید، بائیوگیس ٹیکنیشن محمد ساجد اور گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی فیصل آباد کی جانب سے انسٹرکٹرز شوکت علی اور غلام حسین نے فرائض سرانجام دیئے۔ تربیت کے دوران شرکاء کو مختلف مراحل کے دوران بائیوگیس ٹیکنالوجی کا تعارف، بائیوگیس پلانٹس کی اقسام، بائیوگیس پلانٹ کے کام کرنے کے طریقہ کار، بائیوگیس پلانٹ کی ڈرائنگ کو سمجھنے، سائز وجگہ کے انتخاب، لے آؤٹ کرنے، تعمیر کی تکنیک، آلات اور میٹریل کے معیار کی جانچ، بائیوگیس پلانٹ کی تعمیر و مرمت، ممکنہ مسائل اور ان کے حل کیلئے اقدامات، معمار کی ذمہ داریاں، پلمبنگ، آلات کی تنصیب و دیگر امور کی تربیت دی گئی۔ تربیتی مراحل کے دوران پاکستان گھریلو بائیوگیس پروگرام کے ایریا مینیجر رانا عامر شفیق اور سینئر ایڈوائزر راجیش بی شرستا نے بھی شرکاء کو PDBP کے وژن اور دنیا کے دیگر ممالک میں بائیوگیس سیکٹر میں ہونیوالی ترقی سے آگاہ کیا۔ تربیت کے اختتام پر تربیت مکمل کرنیوالے تمام معماروں اور بائیوگیس تعمیراتی کمپنیوں کے سربراہوں کو تربیت مکمل کرنے پر سرٹیفکیٹ بھی دیئے گئے۔

## PDBP ٹیم کا حصہ بننے والے نئے اراکین



منزہ یاسمین
جینڈر اینڈ سوشل موبلائزیشن آفیسر



غلام دستگیر
بائیوگیس ٹیکنیشن



رفیع یزدانی
بائیوگیس ٹیکنیشن

## نئی بائیوگیس تعمیراتی کمپنیوں (BCCs) کے سربراہان




شکیل الرحمان۔شیخوپورہ




عامر سعید۔ساہیوال



منیر حسین۔ٹوبہ ٹیک سنگھ



سرفراز احمد۔شیخوپورہ



محمد صدیق۔ساہیوال



قادر احمد۔ننکانہ صاحب

# سماجی ترقی میں PDBP کا کردار نمایاں ہو رہا ہے

## CSR کانفرنس وایوارڈ تقریب کا احوال




نیشنل فورم برائے ماحولیات وصحت کی جانب سے لاہور میں منعقدہ (CSR Award - 2012) کی "متبادل توانائی" کی کیٹگری میں پاکستان گھریلو بائیوگیس پروگرام (PDBP) کو دیہی علاقوں میں بائیوگیس ٹیکنالوجی کے فروغ اور بائیوگیس سیکٹر ڈویلپمنٹ کیلئے اقدامات کرنے پر خصوصی ایوارڈ دیا گیا۔ پاکستان گھریلو بائیوگیس پروگرام کے پروگرام منیجر سید سجاد حیدر نے گورنر پنجاب سردار ذوالفقار خاں کھوسہ سے ایوارڈ وصول کیا۔ جبکہ رورل سپورٹ پروگرامز نیٹ ورک کے منیجر سپیشل پراجیکٹ ذیشان زاہد بھی خصوصی طور پر تقریب میں شریک ہوئے۔ اس موقع پر پاکستان گھریلو بائیوگیس پروگرام کے منیجر سجاد حیدر نے حاضرین کو پروگرام کے حوالے سے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا۔ کہ رورل سپورٹ پروگرامز نیٹ ورک کی جانب سے پاکستان میں بائیوگیس ٹیکنالوجی کے فروغ اور خودانحصاری پر مشتمل بائیوگیس سیکٹر کی تشکیل کیلئے



2009ء میں "پاکستان گھریلو بائیوگیس پروگرام" کا آغاز کیا گیا۔ اس پروگرام کے تحت دیہی علاقوں میں توانائی کی ضرورت پوری کرنے کیلئے بائیوگیس ٹیکنالوجی کے فروغ سے دیہی علاقوں میں گھریلو سطح پر بائیوگیس کی فراہمی سے کھانا پکانے کیلئے گیس کی دستیابی سے خواتین کی زندگی میں بہتری لائی جارہی ہے۔ جس سے نہ صرف انہیں گوبر کے اُپلے بنانے اور لکڑیاں واُپلے جلانے کی مشقت سے نجات مل گئی ہے بلکہ ایندھن کے حصول کیلئے درختوں کی کٹائی میں کمی سے ماحولیاتی آلودگی میں بھی کمی ممکن ہے۔ پاکستان گھریلو بائیوگیس پروگرام کے تحت اس وقت جنوبی پنجاب کے 12 اضلاع فیصل آباد، جھنگ، سرگودھا، ٹوبہ ٹیک سنگھ، چنیوٹ، خوشاب، شیخوپورہ، گوجرانوالہ، ننکانہ، اوکاڑہ، ساہیوال اور پاکپتن شریف میں بائیوگیس پلانٹ تعمیر کئے جارہے ہیں۔ جس کیلئے بائیوگیس پلانٹ لگوانے والے ہر گھرانے کو سبسڈی اور بائیوگیس پلانٹ کی تعمیر ومرمت کے حوالے سے 4 سال کی گارنٹی بھی دی جاتی ہے۔

## 1700 بائیوگیس پلانٹس کی تکمیل اور نئے اضلاع میں کام کا آغاز

پاکستان میں بائیوگیس کے فروغ کیلئے آئیڈیل حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے رورل سپورٹ پروگرامز نیٹ ورک (RSPN) کی جانب سے 2009ء میں پاکستان گھریلو بائیوگیس پروگرام کا فیصل آباد سے آغاز کیا گیا۔ بعدازاں اسے پنجاب کے دیگر اضلاع جھنگ، ٹوبہ ٹیک سنگھ، چنیوٹ، سرگودھا، خوشاب اور تحصیل ننکانہ وچیچہ وطنی تک توسیع دی گئی۔ پاکستان گھریلو بائیوگیس پروگرام کے تحت مارچ 2012ء تک 1700 سے زائد بائیوگیس پلانٹس تعمیر کئے جاچکے ہیں۔ جبکہ یکم جنوری 2012ء سے صوبہ پنجاب کے 6 مزید اضلاع شیخوپورہ، ساہیوال، ننکانہ صاحب، گوجرانوالہ، اوکاڑہ اور پاکپتن میں بھی رعائتی قیمت پر بائیوگیس پلانٹ لگانے کا کام شروع کیا جاچکا ہے۔ جس کیلئے ان اضلاع کے رہائشی معماروں اور چھوٹے ٹھیکیداروں کو عالمی معیار کے مطابق بائیوگیس پلانٹس بنانے کی تربیت دلوانے کا سلسلہ جاری ہے۔ اس تربیت کے حصول کے بعد ساہیوال، شیخوپورہ اور ننکانہ میں بائیوگیس تعمیراتی کمپنیوں نے بائیوگیس پلانٹس کی تعمیر کا سلسلہ شروع کردیا ہے۔ جبکہ نئے شروع کئے گئے اضلاع میں بائیوگیس ٹیکنالوجی کے فروغ اور کسانوں ودیگر سماجی افراد تک معلومات کی فراہمی کے حوالے سے تعاون حاصل کرنے کیلئے ان اضلاع کے ڈی سی اوز، ایگریکلچر، کمیونٹی ڈویلپمنٹ، ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے ایگزیکٹو ڈسٹرکٹ آفیسرز، ڈسٹرکٹ آفیسرز اور میڈیا کے نمائندوں سے رابطوں کا سلسلہ بھی جاری ہے۔

اس پروگرام کا بنیادی مقصد دیہی علاقوں میں بائیوگیس پلانٹس کی تنصیب سے کسانوں کا معیار زندگی بلند کرنا، صحت اور آلودگی کے مسائل میں کمی اور بائیوگیس سیکٹر کی تشکیل وترقی ہے۔ جس کیلئے PDBP کو عالمی سطح پر دیگر ممالک میں بائیوگیس ٹیکنالوجی کے فروغ کیلئے سرگرم عمل تنظیموں "Winrock International"، SNV (نیدرلینڈ ڈویلپمنٹ آرگنائزیشن) اور EKN (ایمبسی آف ہالینڈ) کا تعاون حاصل ہے۔

## بائیوگیس سیکٹر کو چھوٹے قرضوں کی فراہمی کیلئے

## ایشین ڈویلپمنٹ بنک کے وفد کی PDBP آمد

ایشین ڈویلپمنٹ بنک کی جانب سے پاکستان میں بائیوگیس سیکٹر کیلئے چھوٹے قرضوں کی فراہمی کے بارے جائزہ لینے کیلئے ڈاکٹر اورلینڈو جے سیسی (مائیکروفنانس سپیشلسٹ) اور حسین حیدر (انرجی سپیشلسٹ کنسلٹنٹ) نے مارچ میں PDBP آفس کا دورہ کیا اور فیلڈ میں جاکر بائیوگیس پلانٹ لگوانے والے گھرانوں کے افراد سے تبادلہ خیال کیا۔ اس موقع پر پاکستان گھریلو بائیوگیس پروگرام کے ایریا منیجر رانا عامر شفیق اور سینئر ایڈوائزر راجیش بی شرستا نے انہیں PDBP



کی جانب سے بائیوگیس سیکٹر ڈویلپمنٹ کیلئے کئے جانیوالے اقدامات سے آگاہ کیا۔ انہوں نے پاکستان میں بائیوگیس سیکٹر کیلئے چھوٹے قرضوں کی فراہمی کی ضرورت کے حوالے سے انہیں اپنے تجربات سے بھی آگاہ کیا۔ ایشین ڈویلپمنٹ بنک کی جانب سے ڈاکٹر اورلینڈو جے سیسی (مائیکروفنانس سپیشلسٹ) اور حسین حیدر (انرجی سپیشلسٹ کنسلٹنٹ) نے بائیوگیس سیکٹر ڈویلپمنٹ کیلئے PDBP کی کوششوں کو سراہا اور کہا کہ اس دورے سے انہیں پاکستان میں بائیوگیس ٹیکنالوجی کے فروغ کے حوالے سے بہت کچھ سیکھنے کا موقع ملا ہے۔

RSPN
رورل سپورٹ پروگرامز نیٹ ورک
7، سٹریٹ 49، F-6/4، اسلام آباد
www.rspn.org

علاقائی نمائندے وکوالٹی کنٹرول سنٹرز

| | |
|---|---|
| فیصل آباد | 0308-5209513 |
| سرگودھا اور خوشاب | 0307-5551315 |
| جھنگ اور چنیوٹ | 0307-5551316 |
| ٹوبہ ٹیک سنگھ | 0307-5551317 |
| شیخوپورہ، ننکانہ، گوجرانوالہ | 0301-8567260 |
| ساہیوال، اوکاڑہ، پاکپتن | 0307-5551317 |

Pakistan Domestic Biogas Programme
PDBP
پاکستان گھریلو بائیوگیس پروگرام
پلاٹ نمبر 15، روز ویلی، امین ٹاؤن، فیصل آباد
ٹیلیفون نمبرز: 2-0371 885 (41-92+)
فیکس نمبر: 0373 885 (41-92+)